تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

September 22, 2023

پریس ریلیز

## آسٹریلیا کی مشہور ملبورن یونیورسٹی کے تعلیمی وفد کا جامعہ کی ایجوکیشن فیکلٹی کا دورہ

## پروفیسر سارہ بیگم، ڈین فیکلٹی آف ایجوکیشن نے وفد کا پرتپاک خیر مقدم کیا

آسٹریلیا کے ایک تعلیمی وفد نے جامعہ ملیہ اسلامیہ کی فیکلٹی آف ایجوکیشن کا دورہ کیا اور تدریسی و آموزشی سرگرمیوں کا گہرائی سے جائزہ لیا۔ یہ وفد آسٹریلیا کی ملبورن یونیورسٹی سے آیا ہے اور جامعہ ملیہ اسلامیہ کے ساتھ تعلیمی اور ثقافتی اسچینج پروگرام کا خواہاں ہے۔ان کے خیرم مقدم کے لیے فیکلٹی کے سیمنار ہال میں خصوصی پروگرام منعقد کیا گیا جس میں فیکلٹی کے سبھی اساتذہ نے شرکت کی۔ ایجوکیشن فیکلٹی کی ڈین پروفیسر سارہ بیگم نے وفد کا پرجوش خیر مقدم کیا اور استادوں کے مدرسے سے لے کر فیکلٹی آف ایجوکیشن قیام تک کی مختصر تاریخ پیش کی۔انھوں نے یہ بھی بتایا کہ گاندھی جی کی ایما پر ڈاکٹر ذاکر حسین نے اس ادارے کو قائم کیا تھا جو آج ملک کے ممتاز ٹیچر ٹریننگ کالجوں میں سے ایک ہے اور جہاں ٹیچر ٹریننگ کے نو پروگرام چلتے ہیں جس میں اردو، ہندی انگریزی تینوں میڈیم کے اساتذہ تیار کیے جاتے ہیں ساتھ ہی انھوں نے فیکلٹی آف ایجوکیشن کی اہم خصوصیات کے متعلق بھی تفصیل سے بتایا۔ ڈپارٹمنٹ آف ٹیچر ٹریننگ اینڈ نان فارمل ایجوکیش کی صدر پروفیسر جیسی ابراہم نے شعبے میں چلنے والے مختلف پروگراموں پر مختصراً روشنی ڈالی۔ ڈپارٹمنٹ آف ایجوکیشنل اسٹڈیز کے صدر پروفیسر ارشد اکرام احمد نے شعبے کی سرگرمیوں اور پروگراموں سے وفد کو روشناس کراتے ہوئے بتایا کہ شعبے کی توجہ ریسرچ وتحقیق پر مرکوز ہے اور شعبے کے سبھی اساتذہ اپنی فیلڈ میں نمایاں مقام رکھتے ہیں۔اس موقع پر سبھی اساتذہ نے اپنا مختصر تعارف بھی پیش کیا جس کے بعد مہمانان نے ملبورن یونیورسٹی کی تعلیمی سرگرمیوں پر روشنی ڈالی۔شعبے کی کرافٹ پرمبنی تعلیم سے وفد بہت زیادہ متاثر ہوا اور اس کے ساتھ دیرینہ تعلقات کے قیام پر زور دیا۔مہمانوں نے انٹیریئر ڈیکوریشن کی تجربہ گاہ کا معائنہ بھی کیا اور اس سے بھی بے حد متاثر ہوئے۔انھوں نے لیب کی ویڈیو بھی بنائی اور تصویریں بھی لیں۔انٹیریئر ڈیکوریشن کی ٹیچر ڈاکٹر شادماں یاسمین نے لیب کے متعلق انھیں تفصیلی معلومات بھی فراہم کیں۔ڈی ایل ایڈ کورس کو آرڈینیٹر اور اسسٹنٹ پراکٹر ڈاکٹر محمد اسجد انصاری نے سبھی مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی

Twitter handle:@jmiu_official,Facebook:)

@jmiofficial,instagram:

@jamiamilliaislamia_official,linkedhin:

@jamiamilliaislamia and You Tub

MediaOffice,Jamia Millia Islamia)